© rasailojaraid.com

# قصاص و دیت کمیٹی منصورہ کی رپورٹ

اسلام کے قانونِ قصاص و دیت کے سلسلے میں جو بحث اِن دنوں چھڑی ہوئی ہے، اوّل اوّل تو اس پر ایک گروہ (خصوصاً ماڈرن خواتین) بغیر علم کے طبع آزمائی کر رہا ہے، اور پھر جن لکھے پڑھے حضرات نے اس میں حصہ لیا ہے ان سے توقع یہ تھی کہ وہ مسئلے کی چھان بین صحیح اسلامی نہج پر کریں گے، مگر ایسی باتیں سامنے آئی ہیں جو باعثِ اضطراب ہیں۔

اندریں احوال قائد تحریک اسلامی میاں طفیل محمد صاحب نے منصورہ میں علماء و مفکرین کی ایک مختصر سی کمیٹی مقرر کی کہ وہ مسئلۂ قصاص و دیت کی پیدا شدہ بحث کے متعلق صحیح نقطۂ نظر تفصیل سے مرتب کرے۔

اس کمیٹی نے ۲۰ مئی کے اجلاس میں بحث و تمحیص کے بعد پورے مسئلے کو جس شکل میں مرتب کیا ہے۔ وہ ترجمان القرآن کے موجودہ شمارے میں پیش کیا جا رہا ہے اور یہ پورا شمارہ اس کمیٹی کی رپورٹ اور مباحث پر مشتمل ہے۔

معمول کے مطابق جون کا شمارہ تیار کیا جا چکا تھا کہ فیصلہ یہ ہوا کہ پہلے علماء کی کمیٹی برائے قصاص و دیت کا تیار شدہ مواد شائع کیا جائے اور ترتیب شدہ شمارہ بعد میں چھپے۔ قارئین سے گذارش ہے کہ وہ پروگرام کے اس ردو بدل اور نئی کتابت کی وجہ سے تھوڑی سی تاخیر کو معاف فرمائیں۔

(ادارہ)

© rasailojaraid.com